# حلال گوشت سے متعلّق اکثر پوچھے جانے والے سوالات اور عام غلط فہمیاں

**سوال:** کیا حلال اور ذبیحہ کے درمیان کوئی فرق ہے؟

**جواب:** اسلام میں حلال اور ذبیحہ گوشت کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے، ان جانوروں کو حلال قرار دیا جائیگا جن کو "ذبیحہ" (قوانین اسلام کے مطابق) ذبح کیا گیا ہو، صرف اسی صورت میں ان کے گوشت کا کھانا حلال ہے، اگر جانور کو "ذبیحہ" (قوانین اسلام کے مطابق) ذبح نہیں کیا گیا، تو اس گوشت کو حلال نہیں کہا جاسکتا بلکہ اس کو " مَيْتَةً " (مردار) تصور کیا جائے گا جو کہ حرام ہے۔ اور مَيْتَةً سوّر کے گوشت کی طرح حرام ہے۔

**سوال:** میں یقینی طور پر نہیں جانتا کہ گوشت ذبیحہ ہے یا نہیں ہے، اس صورتِ حال میں مجھے کیا کرنا چاہئے؟

**جواب:** ایسے کھانا سے احتراز کرنا لازمی ہے کیونکہ اسلام میں گوشت کے متعلق اصلاً حرمت ہے، اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا کہ "جو چیز شک میں ڈالے اسے چھوڑ دو اور اسکو اختیار کرلو جو شک میں نہ ڈالے" (ترمذی: ۲۵۱۸)

**سوال:** کیا "کوشر" (Kosher) کا مطلب "حلال" ہوتا ہے؟

**جواب :** نہیں!! "کوشر" (Kosher) پراڈکٹس لازمی طور پر ذبیحہ حلال کی شرائط کو پورا نہیں کرتے۔ مثال کے طور پر بعضے عقائد میں ہے کہ ایک کوشر انسپکٹر صبح کے وقت میں ایک کمرے میں صرف ایک جانور پر دعاء پڑھ لے تو اس کمرے کے تمام جانور جو ذبح کئے جاتے ہیں "کوشر" تصور کیا جاتا ہے، اس سے قطعِ نظر کہ کس نے ذبح کیا اور کس طرح ذبح کیا۔

(MT Book 5, The Book of Holiness, Sefer Kedushah; Treatise 3, Laws Concerning Shehitah (Shechitah, Ritual Slaughter); Chapter 1, Sec 2 (pages 506M 259Y)

**سوال:** کیا UD یا KD کی علامت کا مطلب حلال ہے؟

**جواب:** نہیں!! یہ کوشر ہونے کی علامتیں ہیں جو ضروری طور پر حلال کی ضمانت نہیں دیتے۔ Ingredients چیک کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

**سوال:** اہل کتاب کے گوشت کے بارے میں کیا حکم ہے؟

**جواب:** اگر یہ ذبیحہ کی تمام شرائط وضروریات کو پورا کرتا ہے تو اس کا استعمال جائز ہے۔ اللہ پاک کا فرمان ہے "اہل کتاب کا کھانا (ذبیحہ) تمہارے لئے حلال ہے اور تمہارا ذبیحہ ان کے لئے حلال ہے" (الأنعام:۵) جو شرائط ایک مسلمان کے لئے مقرر ہیں، اہل کتاب کے لئے بھی ہیں۔

**سب سے اہم بات:** " جس (گوشت) پر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو، مت کھاؤ اور یقیناً یہ ایک گناہ ہے..." (الأنعام:۱۲۱)

**سوال:** میں ایک رشتہ دار کی طرف سے رات کے کھانے پر مدعو کیا گیا ہوں اور مجھے یقینی طور پر نہیں معلوم کہ گوشت ذبیحہ ہے یا نہیں؟ مجھے کیا کرنا چاہئے؟

**جواب:** معلومات حاصل کریں! پوچھنے میں شرم محسوس نہ کریں! آپ کا پوچھنے آپکے رشتہ دار کے دل میں ذبیحہ کے متعلق آگاہی پیدا کردے گا اور آپ کو اور ان کے دین کی حفاظت کو یقینی بنائے گا۔ آپ حلال کھاتے ہیں اور خود اپنے لئے بہت سے فضائل حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کو یہ جذبہ آپ کے اپنے رشتہ دار کے لئے بھی ہونا چاہئے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے " تم میں سے کوئی بھی مکمل ایمان والا نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لئے بھی وہی پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے" (بخاری: ۱۳)

**سوال:** کیا مارکیٹ میں دستیاب عام قسم کا گوشت خریدنا ٹھیک ہے؟

**جواب:** مارکیٹ میں دستیاب عام قسم کے گوشت کی خریداری میں ایک بات ذہن میں رکھنے کی یہ ہے کہ جہاں (جس ماحول میں) ہم رہتے ہیں، وہاں حلال گوشت کا پایا جانا بہت مشکل ہے۔ حرام گوشت مارکیٹ میں عام ہے، یہاں تک کہ حرام گوشت پر بھی حلال کا لیبل لگا ہوتا ہے اور حرام چیزیں بکنے والی دوکانوں پر بھی حلال کا لیبل لگا ہوتا ہے۔ ہمیں مارکیٹ کے غیر نگرانی شدہ، غیر معائینہ شدہ، مشکوک و متنازعہ اور حلال لیبل کے ساتھ بکنے والے کے مقابلہ میں سو فیصد حلال گوشت کو مارکیٹ میں دستیاب کرنے کی ضرورت ہے، اور SBNY اِس ضرورت کو پورا کرنے کے لئے فری خدمات فراہم کرتا ہے۔

## SBNY کی جانب سے ذبیحہ کی نگرانی اور سرٹیفکیشن

- SBNY کسی بھی کاروبار کی نگرانی اور سرٹیفکیشن صرف اور صرف کاروبار (درخواست گزار) کی درخواست اور (Terms & Conditions) پر رضامندی سے ہی شروع کرتا ہے؛ SBNY پہلے درخواست کے بغیر کسی بھی گوشت کے کاروبار کی تصدیق نہیں کرتا۔

- SBNY کی جانب سے سرٹیفکیشن ایک قسم کی شہادت (گواہی) ہے۔ اور ذبیحہ کے عمل کو آزادانہ طور پر SBNY ذبیحہ مانیٹرنگ کمیٹی کی طرف سے نگرانی کی جاتی ہے۔

- SBNY صرف ہاتھ سے ذبح کئے ہوئے ذبیحہ حلال گوشت کی ہی تصدیق کرتا ہے اور کسی بھی مشینی ذبح کی ہرگز تصدیق نہیں کرتا۔

- SBNY نہ صرف یہ کہ گوشت کی تصدیق اور نگرانی کرتا ہے بلکہ ذبیحہ کے پورے تسلسل کو مذبح خانہ سے لیکر پراسینگ پلانٹ، ڈسٹربیوٹرسے لیکر ریٹیل اسٹورس اور ریسٹورانٹ تک۔ SBNY کی طرف سے اِس تسلسل میں اگر کسی ایک کی بھی تصدیق نہیں ہے تو اس کے بعد کی سطح میں بھی کسی کی تصدیق نہیں کی جائیگی۔

- سرٹیفکیٹس صرف ایک سال کی مدّت کے لئے کار آمد ہوتے ہیں، اور وہ بھی اِس شرط پر کہ اِس مدت میں اچانک اور بار بار معائینے کئے جاسکتے ہیں، اور ایک سال کی اس مدت کے دوران اگر کوئی کاروباری دھوکہ دہی کا مرتکب پایا جائے تو اس کا سرٹیفیکیٹ بھی منسوخ کر دیا جاتا ہے اور SBNY کی ویب سائیٹ سے اس کا نام بھی خارج کر دیا جاتا ہے، اور جو اصول و قوانینِ شریعہ بورڈ کی پابندی کرتے ہیں اُن کی درخواست پر اُنکے سرٹیفیکیٹ کی ایک سال بعد تجدید کر دی جاتی ہے۔

- ذبح کا عمل، گوشت کی پراسینگ، پیداوار کا ریکارڈ، پیکنگ، اور متعلقہ کاغذی ریکارڈس و رسیدات کی بھی اچانک جانچ پڑتال اور معائینوں کے ذریعے آڈٹ اور جانچ پڑتال کی جاتی ہے۔

- سرٹیفکیشن بالکل مفت ہے کسی بھی طرح کی کوئی فیس نہیں لی جاتی، صرف اور صرف اُمّت کے فائدے اور اُن کو حلال اور سو فیصد حلال گوشت دستیاب کرنے کی غرض سے یہ خدمات انجام دی جارہی ہیں۔

**سوال:** کیا میری رہائش گاہ کے قریب کوئی SBNY کا مصدقہ دوکانیں ہیں؟

**جواب:** www.shariahboadny.org پر جائیں گے تو وہاں مصدقہ دوکانوں کی فہرست موجود ہوگی۔ ساتھ ہی ویب سٹ پر ای میل کے ذریعہ اپ ڈیٹس کیلئے سائن اپ کر سکتے ہیں۔

**نوٹ:** صرف اس ویب سائٹ پر درج شدہ کاروبار ہی SBNY کی طرف سے سند یافتہ ہیں۔ کوئی بھی دعوی SBNY کے سرٹیفکیشن کا، کسی بھی کاروبار کی طرف جو یہاں درج نہیں جھوٹ پر مبنی ہو گا۔ برائے مہربانی اس طرح کے دعووں کی رپورٹنگ کے لئے zabihahalal@shariahboardny.org پر رابطہ کریں۔